SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**April 30, 2016**
***For immediate release***

***SECP issues Guidelines for Structuring and Offering of Employees Stock Option Schemes***

**Islamabad, April 30:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) issued the Guidelines for Structuring and Offering of the Employees Stock Option Schemes, 2016 under Section 506B of the Companies Ordinance, 1984 read with the Public Companies (Employees Stock Option Scheme) Rules, 2001.

The Employees Stock Option Schemes or Plans are the programs offered by the public companies to their employees which give the employees the right, without obligation, to purchase specified number of shares of the company at a predefined price, within a stipulated time period. In developed and emerging markets, ESOS are commonly used by the corporates for retention of their key employees whose services are critical for business growth. ESOS can be used as compensation as well as incentive for employees. This encourages the employees to develop long term association with the corporates. ESOS provides the employees the opportunity to get ownership in the company which may help increase productivity and growth in the business of the company.

Purpose of the Guidelines is to facilitate the public limited companies in structuring and administration of their Employees Stock Option Schemes (ESOS or the Scheme).

The Guidelines provide for composition of the compensation committee, duties and responsibilities of the committee, methodology for deriving the exercise price, procedure for approval of the Schemes, disclosures to be made in the Scheme, format of application form, list of documents to be submitted with the application and model Scheme.

The Guidelines require that Schemes must be structured with the intention to align interests of employees and shareholders.

It is expected that the Guidelines will encourage public limited companies to use ESOS as a useful tool for gaining loyalties of the employees.

ایس ای سی پی نے ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم کے لئے گائیڈ لائز جاری کر دیں

اسلام آباد (۳۰ اپریل ) : سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے تمام پبلک کمپنیوں کی جانب سے اپنے ملازمین کو اسٹاک آپشن کے تحت حصص جادی کرنے کے لئے گائیڈ لائنز جاری کر دیں ہیں۔ ز آرڈیننس 1984 کے تحت جاری کی گئی ان گائید لائنز میں اسٹاک اآپشن سکیم کے انتظامی ڈھانچہ اور

ملازمین کو حصص جاری کرنے کا طریقہ کار وضح کیا گیا ہے ۔

جاری کی گئی گائید لائنز کے مطابق، ملازمین کمپنی کے حصص ایک مخصوص دورانیے کے اندر ، کمپنیوں کی جانب سے متعین کردہ قیمت کے عوض خرید سکتے ہیں۔ دنیا کے ترقی یافتہ اور ابھرتے ہوئے کارپوریٹ اداروں میں اس اسکیم کے ذریعے ان ملازمین کو سرمایہ کاری کی پیشکش کی جاتی ہے جن کی موجودگی کمپنی کے کاروباری معاملات کے لئے انتہائی اہم ہوتی ہے۔ اس اسکیم کو کمپنیوں میں ملازمین کے معاوضے اور مراعات کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے ، جس کی وجہ سے ملازمین ان کمپنیوں میں لمبے عرصے تک اپنی خدمات پیش کر تے ہیں۔ جبکہ ملازمین کو وہ کمپنی کی ملکیت میں بھی شراکت درادی کے مواقع بھی فراہم کئے جاتے ہیں ، جس سے کمپنی کے کاروباراور پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے پیش کیے جانے والیان اصولوں کا مقصد تمام پبلک لمیٹڈ کمپنیوں میں اس اسکیم کے انتظامی ڈھانچے کو مزید بہتر بنانا ہے۔ پیش کردہ اصولوں میں معاوضہ کمیٹی کی تشکیل، کمیٹی کے فرائض و ذمہ داریوں کا تعین،اسکیم کی منظوری کا طریقہ کار، اسکیم میں کیے جانے والے انکشافات ، درخواست نامے کی ترتیب بندی اور درخواست کے ساتھ جمع کیے جانے والی دستاویزات سمیت دیگر اہم ہدایات شامل ہیں۔ ان اصولوں میں اس بات کو بھی شامل کیا گیا ہے کہ اسکیم کے انتظامی ڈھانچے کی تشکیل کے دوران کمپنیوں کے ملازمین اور شراکت داروں کے تحفظات کو مدِ نظر رکھا جائے گا۔ جبکہ تمام پبلک لمیٹڈکمپنیاں اپنے کاروبار کی ترسیل اور ملکی معیشت میں بہتری کے لئے اس اسکیم کو بروے کار لائیں گی۔